تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 -042-35856304 فیکس 042-35834000
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیمِ اسلامی
11- ستمبر 2020ء

پریس ریلیز

لاہور موٹروے پر اجتماعی زیادتی کا واقعہ معاشرتی بگاڑ کی انتہا ہے۔ شجاع الدین شیخ

لاہور (پ ر) لاہور موٹروے پر اجتماعی زیادتی کا واقعہ معاشرتی بگاڑ کی انتہا ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ جب معاشرے بُری طرح گل سڑ جائیں اور اُن سے سرانڈ اُٹھنے لگے تو اِس طرح کے اندوہناک واقعات وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ اُنھوں نے کہا کہ وہ میڈیا جو ایسے واقعات پر شور وغوغا کرتا ہے حقیقت یہ ہے کہ بے حیائی پر مبنی اشتہارات اور جنسی لحاظ سے اشتعال انگیز ڈرامے دکھا کر یہی میڈیا جنسی بے راہ روی اور بے حیائی کی ترغیب دیتا ہے اور جب اِس کے نتیجہ میں ایسے اندوہناک واقعات رونما ہوتے ہیں تو پھر انصاف کا نام نہاد ٹھیکیدار بن کر مگر مچھ کے آنسو بہانے شروع کر دیتا ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ اسلام مخلوط معاشرت اور مرد وزن کے کھلم کھلا میل جول کی اِس لیے مخالفت کرتا ہے تاکہ جنسی خواہشات بے لگام نہ ہوں۔ اِسی لیے قرآنِ پاک مرد کو نگاہیں نیچی رکھنے اور عورت کو پردہ کرنے کا حکم دیتا ہے۔ درحقیقت اِسلام ایک مکمل نظامِ حیات ہے جب تک ہم اِس نظام کو مکمل طور پر نہیں اپنائیں گے ہم ایسے خوفناک جرائم کا قلع قمع نہیں کر سکیں گے۔ اُنھوں نے خاص طور پر عدالتی نظام کو ہدف تنقید بناتے ہوئے کہا کہ ہمارے ہاں مقدمات سالوں چلتے ہیں جس سے بدطینت لوگ فائدہ اُٹھاتے ہیں اور بعض اوقات سزا سے بچ نکلنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ اُنھوں نے مطالبہ کیا کہ قطع نظر اِس کے کہ مجرمان کون ہیں اور کس طبقے سے تعلق رکھتے ہیں اُنھیں فوری طور پر گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے۔ اُنھوں نے کہا کہ اسلام نے ایسے مجرموں کو سرعام سزا دینے کا حکم اِس لیے دیا ہے تاکہ یہ سزائیں لوگوں کے لیے باعثِ عبرت ہوں اور جرائم پر قابو پایا جا سکے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا
(ایوب بیگ مرزا)
مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 11 September 2020

"The incident of gang rape on the Lahore Motorway is a dreadful manifestation of the worst kind of social decadence."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "The incident of gang rape on the Lahore Motorway is a dreadful manifestation of the worst kind of social decadence."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. He remarked that when societies become rotten to the core and start effusing stink, then such atrocious incidents occur. He said that the same media, which is responsible for affecting sexual corruption and licentious behavior in the first place by airing vulgar advertisements and sexually perverse dramas, twitches to falsely pose as the 'champion of justice' and starts crying crocodile tears when such a horrendous incident happens. He said that Islam ordains to prohibit mixed-gender socializing and the free mingling of sexes in order to put a check on wrongful sexual desires and to ensure that they remain within the lawful boundaries. That is why the Holy Qur'an commands men to lower their gaze and women to observe Pardah. He remarked that Islam encompasses a system that is a complete code of life and until we fully adopt all its requisites, we will not be able to cease and prevent such heinous crimes. While criticizing the judicial system, in particular, he noted that the judicial proceedings in our country loiter for years, due to which the accused holding mal-intent benefit and, at times, avoid being punished altogether for their crimes. He demanded that those responsible for this heinous crime must be immediately arrested and awarded exacting punishment, regardless of their social status or any other factor. He concluded by asserting that Islam has decreed to carry out the sentence of such gruesome criminals in public in order to ensure that these punishments serve as a stern warning to others and the overall crime rate may be contained.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan